سوال

(124)اجنبی عورت کے ساتھ خلوت کسے کہتے ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا خلوت یہ ہے کہ کوئی مرد کسی گھر میں عورت سے خلوت کرے جوکہ لوگوں کی آنکھوں سے دور ہویا مرد وعورت کی ہر خلوت کوخواہ وہ سب کے سامنے ہی ہو خلوت کہا جاتا ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

شرعی طور پر حرام خلوت سے مراد یہی نہیں کہ کوئی مرد کسی عورت سے لوگوں کی آنکھوں سے اوجھل ہوکر کسی گھر میں خلوت کرے اور اس سے راز و نیاز کی باتیں کرے۔ بلکہ اس میں یہ بھی شامل ہے کہ وہ دونوں کسی جگہ پر اکیلے ہوں اور ایک دوسرے سے سرگوشیاں کرتے پھریں ان دونوں کے درمیان بات چیت کا دور چلے خواہ وہ لوگوں کے سامنے ہی ہوں اور لوگ ان کی بات نہ سن سکیں یہ بھی حرام خلوت میں شامل ہے۔

خواہ یہ کام فضا میں ہو یا زمین پر کسی گاڑی میں ہو یا مکان وغیرہ کی چھت پر سب حرام ہے۔ خلوت کو اس لیے حرام کیا گیا ہے کہ یہ زنا کا وسیلہ اور پیغام ہے لہذا جس صورت میں بھی یہ معنی پایا جائے گا وہ خلوت ہی شمار ہوگی۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

ص185

محدث فتویٰ